مدد - حمایت - رعایت - ساتھ +

جانب داری کرنا - ا - فعلِ لازم - حمایت کرنا - پچ کرنا - ساتھ دینا +

جَانِبَین - ع - اِسمِ مذکّر - فریقین - طرفین - دونوں طرف - دوطرفہ +

بہ جانبین سے - ا - تابعِ فعل - ہردو جانب سے - دونوں طرف سے +

جَانچ - ہ - اِسمِ مؤنّث - انداز - آنک - قیاس - اُٹمان + تخمینہ + پڑتال + اٹکل - کوتت + پرکھ + کَس + شناخت +

جَانچنَا - ہ - فعلِ مُتعدّی - پرکھنا - آزمانا - آنکنا - تخمینہ کرنا - حساب پڑتال کرنا - اندازہ کرنا - اٹکل کرنا - تولنا + پہچاننا - تشخیص کرنا - تاڑنا - معلوم کرنا +[1]

جَانگلُو - ہ - صِفت - گنوار - وحشی - جنگلی - ناشائستہ - اُجڈ - احمق + بیوقوف - گنندۂ ناتراش - ہونق + نامہذّب - انگھڑ - بے تربیت - بے وحدت +

جَانگھ - ہ - اِسمِ مؤنّث - ران - زانو - سانتھل - ساق +

جَانگھیَا - ہ - اِسمِ مذکّر - کچھنا - گھٹنا - تنگ شلوار کوتہ (بولنے میں جانگیا آتا ہے)

جَاننَا - ہ - فعلِ مُتعدّی (۱) آگاہ ہونا - واقف ہونا - محرم ہونا - آشنا ہونا - پہچاننا - تمیز کرنا - معلوم کرنا (۲) پتیانا - اعتبار کرنا - بھروسا کرنا (۳) ذِمّہ وار ہونا - کفیل ہونا - ضامن بننا - ذمّہ کرنا + ؎

عداوت سے تمہاری کچھ اگر ہووے تو میں جانوں
بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہووے تو میں جانوں
(غلام حیدر بیگ)

(۴) ماننا - تسلیم کرنا - فرض کرنا (اطفال) جانے تم چور سہی +

جَانوَر - ف - اِسمِ مذکّر (۱) حیوان - جاندار - ذی رُوح + کیڑا مکوڑا (۲) ڈھور - ڈانگر - چوپایہ - چرند + درندہ (۳) پرندہ - پکھیرو (۴) گھوڑا - اسپ - (۵) وحشی - غیر مانوس (۶) صِفت) احمق - بیوقوف - لایعقل + گدھا +

جَانے - ہ - تابعِ فعل (اطفال) جیسے - گویا - مثلاً - جانے ہم بادشاہ ہیں +

جَانِی - ف - صِفت - جانِ من - جان سے نسبت رکھنے والا - پیارا - محبوب - دِلارام - دِلدار - معشوق - عزیز - دوست - صنم +

جانی دُشمن - ا - اِسمِ مذکّر - قاتل دُشمن - عدوِ جاں - وہ دُشمن جو ہلاک کرنے کے درپے رہے +

جانی دوست - ا - اِسمِ مذکّر - دلی دوست +

جَانے دو - ہ - محاورہ (۱) نہ روکو - چلنے دو (۲) باز آؤ - معاف کرو - معذور رکھّو - خیال نہ کرو - درگزر کرو (رفع ملال اور دِھیما کرنے یا کسی کو بچانے کے واسطے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں) (میر تقی) قتل کئے پر غصّہ کیا ہے لاش مری اُٹھوانے دو + جان سے ہم

بھی جاتے رہے ہیں تم بھی آؤ جانے دو + مصرعہ ؎ بدنام ہو گے جانے بھی دو امتحان کو +

جَانے دینَا - ہ - فعلِ مُتعدّی (۱) نہ روکنا - چھوڑنا - آزاد کرنا - رہائی دینا - خلاص کرنا (۲) درگزر کرنا - باز آنا - معذور رکھنا - خیال نہ کرنا + معاف کرنا +

جانیکے لچھن - ہ - (صحیح جانیکے لکشن) محاورہ - آثارِ بد - شگونِ بد - فنا ہونے اور نابود ہونے کی علامت +

گردش سے روسیہ کی کیا کیا بلائیں آئیں جانیکے ہیں یہ لچھن بارے اس آسمان کے (میر تقی)[2]

جَاؤ بیٹھو - ہ - محاورہ (۱) اپنا کام کرو - اپنے کام سے لگو - اپنے کام میں مشغول ہو ؎ دم بدم دیکھ کے پھرتا مجھے کہتا ہے وہ شوخ جاؤ بیٹھو اجی باتیں ہیں یہ گھر کھونیکی (شوکت)

(۲) ہٹ جاؤ - چل دو - رُخصت ہو - سرکو - ہٹو بھی + ؎

غیر کو لطف سے فرماتے ہو آؤ بیٹھو + دیکھ کر مجھ کو کھڑا کہتے ہو جاؤ بیٹھو (نامعلوم)

جاوید } ف - صِفت - مُدام - ہمیشہ - سدا - نت - دایم - ازازل تا ابد +
جَاویداں } سناتن - قدیم - ابدی - ازلی - لازوال - اَن انت - قایم - علےالدوام +

جَاویدَانِی - ف - اِسمِ مؤنّث - ہمیشگی - قدامت - ابدی - سرمدی - ازلی +

جَاہ - ف - اِسمِ مؤنّث (۱) رُتبہ - مرتبہ - عزّت - منزلت - وقر - شکوہ - اَوج - تمکنت - درجہ - منصب - پدوی (۲) شرف - قدر - بزرگی - جلال - شان - عظمت - شوکت

جاہ و جلال - ف + ع - اِسمِ مذکّر - شان و شوکت - رُعب داب - دبدبہ - عظمت - شکوہ - رفعت - جبروت +

جاہ و حَشم - ف + ع - اِسمِ مذکّر (۱) شان و شوکت + لاؤ لشکر - حشمت - ٹھاٹ - کرّوفر - تجمّل - جلو (۲) رفعت و منزلت (۳) دَولت - عزّت + اِقتدار +

جاہ و مَنصِب - بامنزلت - ف + ع - اِسمِ مذکّر (۱) قدر و منزلت - اوج - شکوہ - رُتبہ - مرتبہ - پایہ (۲) جلال - عظمت - بزرگی - شان +

جَاہِل - ع - صِفت - مُورکھ - اناڑی - نادان (۲) گیدڑ - اَن پڑھ - ناخواندہ - بےعلم (۳) وحشی - ناشائستہ - غیر مُہذّب - ناہموار - اُجڈ - گنندۂ ناتراش - بداخلاق - اکھّڑ - بےادب - گستاخ + بےسلیقہ +

جَاے - ف - اِسمِ مؤنّث (۱) جگہ - مقام - ٹھاؤں - استھان - ٹھور ٹھکانا - وسعت - گنجایش - سمائی +

جاے سے - جاے سِر - ا - صِفت - بجا - ٹھیک - درست - مناسب - واجب - لائق + اعتراض سے مبرّا - گرفت کی گنجایش سے محفوظ +

جاے ضَرور - ا - اِسمِ مذکّر - پیخانہ - صحت خانہ - بیت الخلا - ٹٹّی +

جَائی - ہ - اِسمِ مؤنّث - دُختر - بیٹی - صبیہ - دِھی - پُتری - لڑکی - لونڈیا -

[1] جانچ لو ہاتھ میں پہلے دلِ شیدا لیکر + نہیں پھر نیکا مرے جان یہ سودا لے کر (داغ) +

[2] جاؤ بھی - ہ - محاورہ - [illegible]